**16.09.2024**
**13.50 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں..............................محمد عمار

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ماحولیات کے لیے سازگار ترقی کے تئیں بھارت کے عہد کو دوہرایا ہے۔ وزیراعظم نے گجرات میں گاندھی نگر میں **RE Invest 2024** کانفرنس کا افتتاح کیا۔

☆ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔

☆ عیدمیلادالنبیؐ آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی جارہی ہے۔

☆ ملک کے شیئربازار آج نئی بلندی پر پہنچ گئے ۔

☆ اور ہاکی میں چین میں جاری ایشیائی چمپئنز ٹرافی کے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہونے والا ہے۔

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM GUJARAT**

وزیراعظم نریندر مودی نے ماحولیات کے لیے سازگار ترقی اور **Net Zero** نشانہ حاصل کرنے کے بھارت کے عہد کو دوہرایا ہے۔ وہ چوتھی **RE Invest** عالمی قابل تجدید توانائی کانفرنس کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔
وزیراعظم نے گاندھی نگر میں مہاتما مندر کے مقام پر''پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا'' ملک کے نام وقف بھی کی۔
جناب مودی نے کہا کہ ایک ترقی پذیر ملک ہونے کے باوجود بھارت نے آب و ہوا سے متعلق پیرس میں کیے گئے وعدوں کو طے شدہ وقت سے 9 سال پہلے ہی پورا کرلیا ہے۔
انھوں نے کہا کہ بھارت نے اپنی گرین منتقلی کو عوام کی تحریک بنا دیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ'' **PM** سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا'' سے ملک میں ہر گھر بجلی تیار کرنے والا ایک مرکز بن جائے گا۔
ایک کروڑ سے زیادہ افراد نے'' **PM** سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا'' کے لیے اِندراج کرایاہے اور مذکورہ اسکیم کے تحت تین لاکھ سے زیادہ مکانوں میں شمسی پینل لگائے گئے ہیں۔
جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں نوجوانوں کے لیے روزگار اور ہنر مندی کے وافر مواقع دستیاب ہیں۔

اِس سے پہلے آج وزیرِاعظم نے گاندھی نگر میں PM سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے مستفید ہونے والے افراد کے ساتھ گفتگو کی۔
کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے ماحولیات کے لیے ساز گار توانائی کے شعبے میں بھارت کی نمایاں پیشرفت کو اُجاگر کیا۔
انھوں نے کہا کہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں بھارت میں 86 فیصد شرح ترقی ریکارڈ کی گئی ہے۔
گجرات کے وزیرِاعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے بھی قابل تجدید توانائی کے شعبے میں گجرات کو ایک سرکردہ ریاست بنانے کے اپنی سرکار کے عہد کو دوہرایا۔
قابل تجدید توانائی کی چوتھی عالمی کانفرنس اور نمائش Re Invest کا اہتمام نئی اور قابل تجدید توانائی کی مرکزی وزارت نے کیا ہے۔
اِس کانفرنس سے مذکورہ شعبے میں بھارت کی شاندار ترقی کو اُجاگر کیا جاسکے گا۔
اِس تین روزہ کانفرنس میں چالیس سے زیادہ اجلاس ہوں گے اور اختراعی Financing ، گرین ہائیڈروجن اور توانائی سے متعلق مستقبل کے حل کے موضوعات پر خصوصی مذاکرے بھی ہوں گے۔ 140 ملکوں کے تقریباً دَس ہزار مندوبین اِس کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔

**J&K Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ، آج جموں وکشمیر کے ڈوڈا ضلعے میں تین انتخابی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔ جناب امت شاہ پارٹی امیدواروں کی حمایت میں رام بن، کشتواڑ اور Padder میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔
اِدھر مرکزی وزیرِصحت اور BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا اِس مہینے کی 20 تاریخ کو جموں جائیں گے اور وہاں ایک بڑے روڈ شو میں شرکت کریں گے۔x

**J&K Campaign**

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی چناوٴ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ اِس مرحلے میں بدھ کے روز سات ضلعوں میں پھیلے ہوئے 24 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔
اِن ضلعوں میں ڈوڈہ، کِشتواڑ، رام بَن ، اننت ناگ، پلوامہ، کلگام اور شوپیاں شامل ہیں۔
جموں وکشمیر اسمبلی کی 90 سیٹوں میں سے سات سیٹیں درج فہرست ذاتوں کیلئے اور 9 سیٹیں درج فہرست قبیلوں کیلئے مخصوص ہیں۔x

**Constitunecy Profile Kulgam**

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے، آج نام واپس لینے کا آخری دِن ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جمعہ کو کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے دوران 40 حلقوں میں 37 امیدواروں کے پرچے مسترد کردیئے گئے۔ اِن حلقوں میں پولنگ یکم اکتوبر کو ہوگی۔

کاغذات کی جانچ پڑتال کے دوران 449 امیدواروں کے پرچے درست پائے گئے۔ 90 رکنی جموں وکشمیر اسمبلی کیلئے، پولنگ تین مرحلوں کرائی جارہی ہے۔ اِس کے تحت 18 اور 25 ستمبر اور اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ نتیجوں کا اعلان آٹھ اکتوبر کو کیا جائے گا۔x

## Kulgam Assembly Constituency

جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کیلئے لوگوں میں زبردست جوش و خروش دیکھا جارہا ہے۔ ووٹ ڈالنے کا عمل تین مرحلوں 18 ستمبر، 25 ستمبر اور یکم اکتوبر کو مکمل ہوجائے گا۔ ووٹوں کی گنتی 8 اکتوبر کو کی جائے گی۔
آج پہلے مرحلے کے لئے انتخابی مہم کا آخری دن ہے۔ امیدوار اپنے اپنے علاقوں میں چناوٴ مہم میں مصروف ہیں۔
جنوبی کشمیر کے 16 حلقوں میں سے ایک، کلگام بھی ہے جو ایک اہم حلقہ ہے۔
مزید جانکاری کیلئے سری نگر کے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ
**VC Sunil Koul**

## MILAD-UN-NABI

عیدمیلاد النبیؐ، جو پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰؐ کا یوم ولادت ہے، آج ملک کے مختلف حصوں میں پوری مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اِس موقع پر میلاد کی محفلوں اور سیرت پاک کے جلسوں کا اہتمام کیا گیا ہے،جن میں حضرت محمدؐ کی تعلیمات اور اُن کی زندگی کے واقعات کو اُجاگر کیا جائے گا۔اس موقع پر میلاد کے جلوس نکالے جارہے ہیں۔
صدر جمہوریہ ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے شہریوں خاص طور پر مسلم برادری کو، عید میلاد النبیؐ کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔
اپنے پیغام میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ حضرت محمد صلعم نے پیار اور بھائی چارے کے جذبات کو مستحکم کرنے کیلئے ہر ایک کو تحریک دی اور معاشرے میں مساوات اور ہم آہنگی پر زور دیا۔
صدر جمہوریہ نے عوام پر زور دیا کہ وہ قرآن پاک کی تعلیمات کو اپنائیں اور پرامن معاشرے کی تعمیر کا عزم کریں۔
نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے بھی عوام سے کہا ہے کہ وہ انصاف، رحمدلی اور انکساری کے حضرت محمد صلعم کے نظریات کو یاد کریں اور انہیں اپنی روز مرہ کی زندگی میں اپنائیں۔
وزیراعظم نریندر مودی نے بھی عید میلاد النبی کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اس امید کا اظہار کیا کہ ہم آہنگی، اجتماعیت، خوشی اور ہمہ جہت خوشحالی ہمیشہ قائم رہے گی۔X

## Sensex

ملک کے شیئربازار آج دِن کے کاروبار میں نئی بلندی پر پہنچ گئے۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کا سینسیکس 100 پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 83 ہزار 300 پر پہنچ گیا، جبکہ نفٹی بھی 25 ہزار 400 کی سطح پر آگیا۔
امریکی فیڈرل ریزرو پالیسی کی میٹنگ میں شرح میں کٹوتی کے امکان کے تناظر میں ایسا ہوا ہے۔ یہ میٹنگ بدھ کے روز ہونے والی ہے۔x

## World Ozone Day

آج Ozone کی پَرت کو محفوظ رکھنے سے متعلق بین الاقوامی دِن منایا جارہا ہے۔ یہ دِن ہر سال 16 ستمبر کو منایا

جاتا ہے۔ **Ozone** کی پرت سورج کی کرنوں کے نقصاندہ اجزاء سے کرۂ ارض کو ڈھال فراہم کرتی ہے۔ اِس طرح کرۂ ارض پر زندگی کو محفوظ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ x

## India Water week

آٹھواں اِنڈیا واٹر ویک **2024** کل سے نئی دلّی میں شروع ہورہا ہے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو بھارت منڈپم میں اِس کا افتتاح کریں گی۔ اِس چار روزہ کانفرنس میں تقریباً چار ہزار مندوبین شرکت کریں گے، جن میں چالیس ملکوں کے **200** غیر ملکی مندوبین بھی شامل ہیں۔
نمائش کے دوران **100** سے زیادہ نمائش کار اور اسٹار اَپ اِدارے پانی کے شعبے میں اپنے اپنے نظریات اور حل کی نمائش کریں گے۔x

## SWACCHATA HI SEVA ABHIYAN

**Swacchata Hi Seva Abhiyan 2024** کل سے شروع ہو رہا ہے، جو دو اکتوبر تک جاری رہے گا۔ اس سال کا موضوع ہے:''سوبھاو سووچھتا - سنسکار سوچھتا'' ۔اِس مہم میں شرم دان اور اجتماعی عمل سے سیاحتی مقامات، سرکاری عمارتوں، کاروباری علاقوں، آبی اداروں، چڑیا گھروں، جنگلی جانوروں کی محفوظ پناہ گاہوں، کمیونٹی اور سرکاری بیت الخلاء جیسے مختلف مقامات پر بڑے پیمانے پر صفائی ستھرائی کی مہمات شامل ہیں۔
مرکزی حکومت کی سبھی وزارتیں اور ریاستیں، ملک بھر میں شہریوں کو شامل کرکے ملک بھر میں مختلف سرگرمیاں شروع کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہیں۔x

## India Assistance

بھارت نے طوفان ''یاگی'' سے متاثرہ ملکوں میانما، لاؤس اور ویتنام کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کرنے کی غرض سے آپریشن سدبھاو شروع کیا ہے۔
بھارت نے طوفان کے اثرات سے نمٹنے میں میانما، لاؤس اور ویتنام کی مدد کیلئے انھیں فوری طور پر راحتی سامان بھیجا ہے۔
وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارتی بحری جہاز **INS** سَتپورہ، سے میانما کو خشک راشن، کپڑے اور ادویات سمیت دس ٹن کی امداد روانہ کی ہے۔ بھارتی فضائیہ کا ایک ٹرانسپورٹ طیارہ بھی ویتنام کے لیے **35** ٹن کی امداد لے کر روانہ ہوا ہے اور لاؤس کو دس ٹن کا راحت کا سامان روانہ کیا جا رہا ہے۔ اِن میں مچھر دانیاں، کمبل، پانی کو صاف کرنے کا سامان، جنریٹر سیٹ اور سلیپنگ بیگس شامل ہیں۔
ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ بھارت ایسا پہلا ملک ہے جو متاثرہ ملکوں کو انسانی بنیاد پر امداد اور راحت فراہم کر رہا ہے۔

## SL. PRESIDENTIAL ELECTION

سری لنکا میں، ہفتے کے روز ہونے والے صدارتی چناؤ کے لیے مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ اہم امیدوار ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ امیدوار مختلف امور پر بات چیت کے لیے مختلف جگہوں پر میٹنگیں اور

چناؤ ریلیاں کر رہے ہیں۔ کل Horana اور Nuwara Eliya کے مقام پر انتخابی میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے موجودہ صدر رانیل وکرما سنگھے نے کہا کہ اُن کا اہم مقصد ملک کے عوام پر بوجھ کم کرنا ہے۔ انھوں نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ کئے گئے سمجھوتوں کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔
اِس دعوے پر کہ صرف جناب سنگھے تیل اور گیس کی سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے مدد کر سکتے ہیں، NPP کے امیدوار انورا کمار دِسا نائکے نے ان کے دعوں کو مسترد کردیا۔
جناب دِسا نائیک نے ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے خطے میں اسکولوں اور اساتذہ کی قلت کے بارے میں بھی بات کی۔سابقہ حکومتوں میں بدعنوانی کا ذکر کرتے ہوئے NPP کے امیدوار اَنورا کمارا دسا نائکے نے کہا کہ عام لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔
اسی دوران اپوزیشن لیڈر Sajith پریم داسا نے ایک ریلی میں کہا کہ اُن کی حکومت کی طرف سے غربت کے خاتمے کا پروگرام چلایا جائے گا۔ اس سے پینشن یافتگان سمیت عام لوگوں کو مدد ملے گی۔ انھوں نے کہا کہ ہاؤسنگ پروجیکٹوں کو دوبارہ شروع کیا جائے گا۔

## Trump Gunshot

سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ کل رات فلوریڈا میں، مغربی Palm Beach پر، ٹرمپ نیشنل گولف کلب میں واقع اپنے علاقے میں، گولی چلنے کی خبروں کے بعد صحیح سلامت ہیں۔ ٹرمپ کے انتخابی مہم کے ڈائریکٹر نے بتایا کہ جب گولی چلنے کی آواز سنی گئی تو جناب ٹرمپ گولف کورس میں تھے۔
اسی دوران وہائٹ ہاؤس نے ایک بیان جاری کیاہے جس میں بتایا گیا ہے کہ صدر جوبائیڈن اور نائب صدر کملا ہیرس کو اِس واقعے کے بارے میں جانکاری دی گئی ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ صدر اور نائب صدر کو یہ جان کر راحت ملی ہے کہ جناب ٹرمپ محفوظ ہیں اور اُنہیں اُن کے بارے میں لگاتار تازہ جانکاری ملتی رہے گی۔
موقعہ واردات سے ایک ہتھیار برآمد ہوا ہے اور گولی چلانے والے شخص کو حراست میں لے لیا گیاہے۔X

## Europe Flood- Typhooon China

یوروپ میں طوفان Boris کے سبب شدید بارش کی وجہ سے براعظم کے وسطی اور مشرقی علاقوں میں سیلاب آنے سے 8 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ رومانیہ میں سیلاب نے 8 افراد کی جان لی ہے۔ آسٹریا میں آگ بجھانے والے عملے کا ایک شخص سیلاب سے نمٹنے کے دوران ہلاک ہوگیا جبکہ پولینڈ میں ملک کے جنوب مغربی حصے میں ایک شخص ڈوب کر ہلاک ہوگیا۔ موسمیات کی پیشگوئی کرنے والے محکمے نے کم سے کم پیر تک مزید بارش اور تیز ہواؤں کے چلنے کا انتباہ دیا ہے۔

## English Channel Drowing

کل رات انگلش چینل عبور کرکے فرانس سے انگلینڈ جانے کی کوشش کررہے 8 افراد ہلاک ہوگئے۔ فرانس اور برطانیہ کی راحت رسانی خدمات فراہم کرنے والوں نے خبر دی ہے کہ ربر سے تیار کردہ ایک کشتی پر تقریباً 60 افراد سوارتھے۔ اِن افراد کا تعلق Eritrea ، سوڈان، شام اور ایران سمیت دیگر ملکوں سے تھا۔ اِن کی کشتی شمالی Pas-de-Calais خطے میں Boulogne-sur-Mer کے شمالی سمندر میں مشکل میں پھنس کر ڈوب گئی۔ یہ حادثہ

اُس واقعے کے صرف دو ہفتے کے بعد پیش آیا ہے جس میں چھ بچے اور ایک حاملہ خاتون سمیت بارہ افراد کی اُس وقت موت ہوگئی تھی جب درجنوں مائگرینٹس کو لے جارہی ایک کشتی سمندر میں ڈوب گئی۔ اِس سال انگلش چینل میں لوگوں کی یہ بدترین ہلاکت تھی۔

### Spacex Return

**SpaceX** کے عملے کے افراد دنیا کی پہلی کمرشیل اسپیس واک کے تاریخی مشن میں مدار میں پانچ روز گزارنے کے بعد زمین پر واپس آگئے ہیں۔ **SpaceX** کے ذریعے لائیو دکھائے جانے والے ایک پروگرام میں عملے کے افراد امریکہ کے مقامی وقت کے مطابق تقریباً تین بجکر **37** منٹ پر فلوریڈا کی ساحل پر اترے۔ امریکہ خلائی ایجنسی ناسا نے کہا ہے کہ یہ مشن کمرشیل خلائی صنعت کیلئے ایک بڑی چھلانگ ہے۔

### Hockey Asian champkionshp

چین کے **Hulunbuir** کے مقام پر جاری ایشین چیمپینز ٹرافی **2024** کے سیمی فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارت ٹورنامنٹ کی ایسی واحد ٹیم ہے جس نے کوئی میچ نہیں ہارا ہے۔ اس نے چین کو تین گول سے، جاپان کو پانچ ایک سے، ملیشیا کو ایک کے مقابلے **8** گول سے، کوریا کو ایک کے مقابلے تین گول سے اور پاکستان کو ایک کے مقابلے دو گول سے شکست دی ہے۔
پہلے سیمی فائنل میں پاکستان کا مقابلہ میزبان چین سے ہورہا ہے۔**X**

☆☆☆